## سوال

(287) میت (مسلم ہے یا ہندو) کا پتا نہ لگنے کی صورت میں نمازِ جنازہ

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک مکان میں آگ لگ جانے سے اتفاقی طور پر دومرد ہندو اور مسلمان اکھٹا اس طرح جل گئے کہ ان کی نعشوں میں بالکل امتیاز باقی نہ رہا۔ اب مسلمان پر نماز جنازہ کس طرح ادا کی جائے ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد لله، والصلاة والسلام علىٰ رسول الله، أما بعد!

دونوں نعشیں سامنے رکھی جائیں لیکن نیت کی جائے مسلمان کی نعش پر نماز جنازہ ادا کرنے اور اس کےلیے دعاء وسفارش کرنے کی کما أن السنة إذا مر الرجل بمجلس فیه مسلم وکافر، و بمجلس فیه أہل السنة والبدعة، و بمجلس فیه عدول وظلمة، أن یسلم بلفظا التعمیم ویقصد به المسلم وأہل السنة ووالعدول ، لحدیث أسامة بن زید فی قصة عبداللہ بن أبی المروی فی الصحیحن

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ شیخ الحدیث مبارکپوری

**جلد نمبر 1۔کتاب الجنائز**

**صفحہ نمبر 450**

محدث فتویٰ